جھوٹے آدمی کی یہ نشانی ہے کہ جاہلوں کے روبرو تو بہت گزاف مارتے ہیں مگر جب کوئی دامن پکڑ کر پوچھے کہ ذرا ثبوت دے کر جاؤ تو جہاں سے نکلے تھے وہیں داخل ہو جاتے ہیں۔

(حیات احمد، حضرت مسیح موعود کے سوانح حیات جلد دوئم نمبر اوّل، ص 25 از یعقوب علی عرفانی ایڈیٹر الحکم قادیان)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

48

۱۰۔ پرمیشر کی جگہ:

''پرمیشر ناف سے دس انگلی نیچے ہے، سمجھنے والے سمجھ لیں''

(چشمہ معرفت ص106 از مرزا قادیانی)

قارئین کرام!

پرمیشر ہندوؤں کے خدا کو کہتے ہیں۔ مرزا قادیانی نے ہندوؤں کے خدا کو ناف سے دس انگلی نیچے قرار دے کر انہیں بہت بڑی گالی دی۔ اس کے ردعمل میں ہندوؤں نے نہ صرف اپنے جلوسوں میں اسلام بلکہ رحمت عالم سرورکونین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین بھی کی اور (ستیارتھ پرکاش) نامی کتاب بھی لکھی جس کے پہلے ایڈیشن میں صرف 13 باب تھے جبکہ مرزا قادیانی کی طرف سے ہندوؤں کی مذہبی شخصیات کو گالیاں دینے کے بعد چودھویں باب کا اضافہ کیا گیا جس میں انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناقابل بیان توہین کی پھر ایک عرصہ بعد رسوائے زمانہ کتاب رنگیلا رسول بھی لکھی گئی جس سے برصغیر کے مسلمانوں میں کہرام برپا ہو گیا۔ اس کی تمام تر ذمہ داری مرزا قادیانی اور اس کی ذریت پر عائد ہوتی ہے۔ جنہوں نے اپنی تحریروں کے ذریعے ہندوؤں کو اشتعال دلایا (جہانگیر)

عقیدہ ختم نبوت:

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی رشد و ہدایت کیلئے حضرت آدم علیہ السلام سے جس سلسلہ نبوت و رسالت کا آغاز فرمایا تھا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس جہاں میں تشریف لانے کے ساتھ اپنے درجہ کمال کو پہنچ کر ختم ہو گیا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا اعلان یوں فرمایا۔

ترجمہ: ''محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

سلسلہ انبیاء کو ختم کرنے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے (الاحزاب 33 آیت نمبر 40)

آئمہ تفسیر:

تمام مشہور اور معتبر آئمہ نے اس آیت کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے خاتم کے معنی آخری نبی اور سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والا ہی لیا ہے۔

ا۔علامہ ابن جریر طبری:

اپنی مشہور تفسیر میں فرماتے ہیں۔

اس نے نبوت ختم کردی اور اس پر مہر لگادی۔اب یہ دروازہ قیامت تک کسی کیلئے نہیں کھلے گا۔ (تفسیر طبری جلد 22 ص 12)

۲۔علامہ ابن حزم اندلسی:

فرماتے ہیں ''بلاشبہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی وفات کے بعد نزول وحی کا سلسلہ ختم ہے وجہ یہ ہے کہ وحی کا نزول صرف نبی پر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ خود فرماتے ہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں بلکہ وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں (المحلی جلد اوّل ص 24)

۳۔محی السنۃ لغبوی:

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر نبوت ختم کردی ہے۔سووہ انبیاء کے سلسلہ کی آخری کڑی ہیں اور ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے (اس آیت میں) فیصلہ کردیا ہے کہ ان کے بعد اور کوئی نبی نہ ہوگا۔ (تفسیر معالم التزیل جلد 3 ص 158)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

48

۴۔امام فخر الدین رازی:

اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں اس سلسلے میں خاتم النبیین کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر ایک نبی کے بعد دوسرا نبی آنا ہوتا تو وہ تبلیغ اور احکام کی توضیع کا مشن کسی حد تک نامکمل چھوڑ جاتا اور بعد میں آنے والا اسے مکمل کرتا لیکن جس نبی کے بعد اور کسی نبی کی آمد نہیں ہوگی وہ اپنی امت پر بہت زیادہ شفیق ہوتا ہے اور ان کیلئے واضح قطعی اور کامل ہدایت فراہم کرتا ہے جسے ایک باپ جانتا ہو کہ اس کے بعد اس کے بیٹے کی نگہداشت کرنے والا کوئی سرپرست اور کفیل نہ ہوگا۔ (تفسیر کبریا جلد 6،ص 581)

۵۔علامہ حافظ الدین نسفی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہیں۔ان کے بعد کوئی شخص نبی نہیں ہوگا۔رہے حضرت عیسیٰ تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے انبیاء میں سے ہیں اور جب وہ دوبارہ آئیں گے تو وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت پر عمل کریں گے اور انہی کی امت کے ایک فرد کی طرح ہوں گے (مدارک التنزیل جلد 5 ص 471)

۶۔علامہ ابن کثیر:

علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں

تو آیت اس امر میں نص ہے کہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اور اگر ان کے بعد کوئی نبی ہوگا۔آپ کے بعد جو شخص اس منصب کا دعویٰ کرتا ہے وہ کذاب، دجال، مفتری اور کافر ہے (تفسیر ابن کثیر جلد 3 ص 493)

۷ ''اللہ تعالیٰ ہر چیز سے آگاہ ہے اور جانتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور حضرت عیسیٰ جب نازل ہوں گے تو وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کے پیروکار ہوں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

گے۔ 48

(جلالین ص768)

ارشاد باری تعالیٰ

آج میں نے تمہارا دین مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام ہی پسند کیا (سورۃ مائدہ پارہ 6)

یہ آیت 10 ھ میں آخری حج میں عرفہ کے دن میدان عرفات میں خطبہ کے موقع پر جمعہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی۔ تفسیر ابن کثیر اور در منثور میں ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 81 دن سے زیادہ اس دنیا میں نہیں رہے اور تفسیر ابن جریر طبری وغیرہ میں ہے کہ یہی آخری آیت ہے اور اس کے بعد کوئی حکم حلت اور حرمت کا نازل نہیں ہوا۔

یہ آیت شریفہ دین اسلام کی خصوصی فضیلت کو بیان کرتی ہے جو اس سے پہلے کسی دین یا امت کو نہیں مل سکی۔ یہ آیت حکم کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس امت کیلئے دین اسلام کو تمام وجوہ اور ضروریات کے ساتھ کامل اور مکمل فرما دیتا ہے اس کے بعد نہ کسی نئے نبی کی ضرورت رہتی ہے نہ نئے دین کی۔ علامہ ابن کثیر اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

یہ اس امت پر اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے کہ اس نے ان کے دین کو مکمل فرمایا۔ لہٰذا اس امت کو نہ اپنے دین کے علاوہ کسی اور دین کی حاجت ہے۔ اور نہ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کسی نبی کی۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم الانبیاء بنایا اور تمام جن وانس کی طرف مبعوث فرمایا (تفسیر ابن کثیر جلد 2)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اللہ تعالیٰ کے اس واضح حکم کے بعد ظاہر ہو جاتا ہے کہ دین اسلام میں مرزا غلام احمد قادیانی کی کسی بروزی، ظلی تشریعی یا غیر تشریعی نبوت کی نہ گنجائش تھی نہ ضرورت۔ مسیح موعود یا مستقل نبوت کا دعویٰ محض اپنے آپ کو اسلام سے خارج کرنے کا سبب ہی ثابت ہوا ہے۔

خاتم النبیین کا معنیٰ احادیث نبوی کی روشنی میں:

سب سے پہلے تو یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ ختم نبوت سے متعلق احادیث پر جتنا تواتر ثابت ہے اتنا دیگر احکام میں بہت کم ہے۔ حدیث متواتر اس کو کہتے ہیں جس حدیث پاک کے نقل کرنے والوں کی تعداد صحابہ کرام کے دور سے آخر تک اس کثرت سے پائی جائے کہ ان کی کثرت اور حیثیت کو دیکھ کر یہ گنجائش ہی نہ رہے کہ عقل ان سب کا جھوٹ پر متفق ہو جانا تسلیم کرے اور اس کی مثال یوں سمجھیں کہ جیسے لندن، لاہور، پیرس، اسلام آباد ڈھاکہ دہلی کے شہروں کو لاکھوں، کروڑوں افراد نے اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا ہوگا۔ مگر ان کے وجود کی اتنی کثرت سے لوگ گواہی دیتے ہیں کہ بغیر دیکھے بھی عقل ان کا اقرار کرتی ہے کیونکہ عقل کو تسلیم ہے کہ اتنے لوگ اتنے بڑے جھوٹ پر متفق نہیں ہو سکتے۔

حدیث پاک کے بارے میں تو حضور نے خود فرمایا ہے کہ

جو شخص جان بوجھ کر مجھ سے جھوٹ منسوب کرے تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے (بخاری)

اب اس حدیث کو بھی محدثین نے متواتر کی سب سے بڑی اور روشن مثال قرار دیا ہے

اسی وجہ سے حدیث متواتر پر ایمان لانا قرآن مجید کی طرح فرض اور اس کا انکار کفر صریح ہے کیونکہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا اور اس کی پیروی کرنا بھی قرآن مجید سے ہی ثابت ہے۔ ختم نبوت سے متعلق متواتر المعنیٰ احادیث کی تعداد بہ تکرار دو سو سے زائد بنتی ہے۔ اہل ذوق متعلقہ کتب سے رجوع کر سکتے ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے کے طور پر ہم چند ایک

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

احادیث کتب احادیث سے پیش کرتے ہیں۔ 48

حدیث 1: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری مثال مجھ سے پہلے انبیاء کے ساتھ ایسی ہے جیسے کسی شخص نے گھر بنایا ہو اور اس کو بہت حسین وجمیل کیا ہو۔مگر اس کے ایک گوشے میں ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی ہو۔لوگ اسے جوق در جوق دیکھنے آتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں کہ ایک اینٹ یہاں کیوں نہ رکھ دی گئی تو میں نے اس خالی جگہ کو پر کیا اور میں ہی آخر الانبیاء ہوں۔ (بخاری شریف،مسلم شریف)

ظاہر ہے کہ (معاذ اللہ) مرزا کی نبوت کی گنجائش ہوتی تو ایک کی بجائے دو اینٹوں کی جگہ خالی چھوڑنے کا اشارہ دیا گیا ہو یا مگر ختمی مرتبت نے کتنی واضح مثال سے ہر طرح کی جھوٹی نبوت کے دروازے ہمیشہ کیلئے بند کر دیئے۔لیکن مرزا کو جواب اس قصر نبوت میں اپنی جگہ نظر نہ آئی تو اس متواتر حدیث شریف کا ہی انکار کر دیا اور حجت بازی کی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آخر زمانہ میں تشریف لانا پھر کس طرح ممکن ہوسکتا ہے یعنی وہاں سے ان کی اینٹ ہل نہیں سکتی اور اگر نکل گئی تو جگہ خالی ہوگئی تو اس طرح یا تو میری اینٹ کو فٹ کر دیا پھر قصر نبوت کو متزلزل جانو ۔اسی کے بارے میں کہا گیا ہے۔

بریں عقل ودانش بباید گریست

عقل ودیانت کے دشمن نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو خالص پانی اور مٹی سے بنے ہوئے گارے کی اینٹیں سمجھ لیا۔کیا خوب مبلغ علم وفہم ہے اور اس پر مجددیت پر ہی بس نہیں۔نبوت کے دعوے ہیں۔

حدیث 2: حضرت ابو حازم فرماتے ہیں کہ میں پانچ سال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

عنہ کی خدمت میں بیٹھا ہوں۔ میں نے آپ کو نبی اکرم ﷺ سے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ بنی اسرائیل کی سیاست خود ان کے انبیاء کرتے تھے۔ جب کسی نبی کی وفات ہوتی تو اللہ تعالیٰ کسی دوسرے نبی کو ان کا خلیفہ بنا دیتا لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ البتہ خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔

(بخاری شریف و مسلم شریف)

اس حدیث شریف سے جس طرح تشریعی نبوت کا انقطاع واضح ہو کر دیا گیا ہے اسی طرح غیر تشریعی ظلی بروزی ہر طرح کی نبوت کے چانس ختم کر دیئے گئے مگر اس کے باوجود مرزا اور مرزائیوں کو ضد ہے کہ نہیں۔ وہ اس سے مستثنیٰ ہیں اور مسیح موعود کا عذر ڈھونڈ نکالتے ہیں۔ اس لئے کبھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کا ڈھونگ رچاتے ہیں اور ان کی معاذ اللہ قبر کی نشاندہی کی جاتی ہے اور کبھی ان کی توہین۔

حدیث 3: حضرت جبیر رضی اللہ عنہ ابن مطعم سے بھی متفقہ بہ حریث روایت کی ہے کہ فرمایا نبی ﷺ نے کہ میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں کفر کو مٹانے والا ہوں اور میں حاشر ہوں جس کے بعد قیامت ہوگی اور حشر برپا ہوگا اور میں عاقب ہوں اور عاقب وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ (بخاری شریف، مسلم)

اس حدیث میں بھی حضور ﷺ نے ہر طرح کی نبوت کے دروازے اپنے بعد بند فرما دیئے ہیں۔

حدیث 4: حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ تم میرے ساتھ ایسے ہو جیسے حضرت ہارون، موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھے مگر خبردار میرے بعد کوئی نبی نہیں (مسلم)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

شریف) 48

یہاں تو حضرت ہارون کی مثال دے کر غیب دان نبی نے مرزا غلام قادیانی کا سارا پول تیرہ سو سال پہلے ہی کھول دیا۔

حدیث 5: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی (کہ جب تک یہ علامات ظاہر نہ ہو چکیں) کہ دو بڑے لشکروں میں بڑی جنگ نہ ہو۔ حالانکہ دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہو اور قیامت اس وقت تک نہ ہوگی جب تک تیس (30) جھوٹے دجال (دھوکے باز) دنیا میں نہ آ چکیں۔ ان میں سے ہر ایک کو یہی زعم ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے (بخاری شریف)

حدیث 6: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک میری امت کے کچھ قبیلے مشرکوں سے نہ مل جائیں اور یہاں تک کہ وہ بتوں کی پوجا کریں اور کہ عنقریب میری امت میں (تیس) جھوٹے دعویدار ہوں گے ہر ایک کا یہی گمان ہوگا وہ نبی ہے حالانکہ میں آخر انبیاء ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں (ترمذی شریف)

حدیث 7: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رسالت اور نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا اور میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی (ترمذی شریف)

مرزا غلام قادیانی کے دعوے!

قرآن، حدیث اور تفاسیر کے بعد مرزا قادیانی کی طرف سے کیے جانے والے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

دوسرے بڑے حیلے کی قلعی کھولنا بھی بے حد ضروری ہے۔ مرزا غلام قادیانی نے اپنی تصانیف میں مختلف مقامات پر اپنے الہامات بیان کرتے ہوئے اپنی مختلف حیثیتوں کا ذکر کیا ہے اس کی ذہنی پراگندگی انتشار اور التباس کے ثبوت کیلئے کیا یہی کافی نہیں ہے کہ کبھی وہ بیک وقت موسیٰؑ وعیسیٰؑ بنتا ہے اور کبھی آدمؑ ونوحؑ، کبھی ابراہیمؑ ومحمد ہونے کے دعوے کرتا ہے اور کہیں خدا کی بیوی اور بیٹا بن جاتا ہے۔ کبھی اس کو حیض کی شکایت ہو جاتی ہے اور کبھی وہ حضرت مریمؑ بن جاتا ہے اور کبھی ابن مریم۔ یہ سب کچھ کیا ہے؟ اس کے متعلق یہ حقیقت بھی واضح ہے کہ اس نے پہلے تو مجدد کا دعویٰ کیا پھر مہدی کا، کبھی مثیل مسیح کا، کبھی خود مسیح موعود کا، پھر بزعم خویش نبوت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہونے کا دعویٰ کر دیا اور بالآخر رسالت کا دعویٰ اور ظلی اور بروزی طور پر خود حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہونے کا دعویٰ کر دیا اور حضور سید الرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمسری تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ بعض مقامات پر تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی خود کو (معاذ اللہ) کئی اعتبارات سے افضل قرار دیا۔

بیک وقت مریم اور ابن مریم ہونے کا دعویٰ:

اپنی ایک کتاب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ

''اس کتاب میں خدا نے پہلے میرا نام مریم رکھا اور بعد اس کے ظاہر کیا کہ اس مریم میں خدا کی طرف سے روح پھونکی گئی اور پھر فرمایا کہ روح پھونکنے کے بعد مریمی مرتبہ عیسوی مرتبہ کی طرف منتقل ہو گیا اور اس طرح مریم سے عیسیٰ پیدا ہو کر ابن مریم کہلایا۔

(حقیقۃ الوحی حاشیہ ص 72 از مرزا غلام قادیانی)

اسی بیان کو کشتی نوح میں یوں واضح کرتا ہے اس لیے گو اس نے براہین احمدیہ کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تیسرے حصہ میں میرا نام مریم رکھا پھر جیسا کہ براہین احمدیہ سے ظاہر ہے دو برس تک صفتِ مریمیت میں میں نے پرورش پائی اور پردے میں نشوونما پاتا رہا۔ پھر جب اس پر دو برس گزر گئے تو جیسا کہ براہین احمدیہ کے حصے چہارم ص 494 میں درج ہے۔ مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں پھونکی گئی اور استعادہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینہ کے بعد جو دس مہینہ سے زیادہ نہیں بذریعہ اس الہام کے جو سب سے آخر براھین احمدیہ کے حصہ چہارم ص 556 میں درج ہے۔ مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا

(کشتی نوح ص 68،69 از مرزا غلام قادیانی)

بیک وقت کئی انبیاء کا مجموعہ:

اس وحی الٰہی میں خدا نے میرا نام رسل رکھا۔ کیونکہ جیسا کہ براہین احمدیہ میں لکھا گیا ہے۔ خدا تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء علیہم السلام کا مظہر ٹھہرایا ہے اور تمام کے تمام میری طرف منسوب کیے ہیں۔ میں آدم علیہ السلام ہوں، شیث ہوں، میں نوح ہوں، میں ابراہیم ہوں، میں اسحٰق ہوں، میں اسمٰعیل ہوں، میں یعقوب ہوں، میں یوسف ہوں، میں موسیٰ ہوں، میں عیسیٰ ہوں، میں داؤد ہوں اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام کا مظہر اتم ہوں یعنی ظلی طور پر محمد اور احمد ہوں

(حاشیہ حقیقۃ الوحی از مرزا غلام قادیانی ص 72)

صریحاً نبی ہونے کا دعویٰ:

اوائل میں میرا یہی عقیدہ تھا کہ مجھ کو مسیح ابن مریم سے کیا نسبت ہے وہ نبی ہے اور خدا کے بزرگ مقربین میں سے ہے اور اگر امر میری فضیلت کی نسبت سے ظاہر ہوتا تو میں اس کو جزوی فضیلت قرار دیتا۔ مگر بعد میں جو خدا تعالیٰ کی وحی بارش کی طرح میرے پر نازل ہوئی اس نے مجھے اس عقیدے پر قائم نہ رہنے دیا اور صریح طور پر نبی کا خطاب مجھے دیا گیا۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

(حقیقۃ الوحی ص149،150 از مرزا غلام قادیانی)

میں محمد ہوں:

خدا کی طرف سے ایک قرار شدہ عہد تھا کہ میں محمد کو دنیا میں دوبارہ بھیجوں گا۔

(تبلیغ رسالت جلد دہم ص 14، از مرزا غلام قادیانی)

مجھے بروزی صورت میں نبی اور رسول بنایا ہے اور اسی بناء پر خدا نے بار بار میرا نام نبی اللہ اور رسول اللہ رکھا ہے۔ مگر بروزی صورت میں میرا نفس درمیان نہیں ہے بلکہ محمد مصطفی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے اس لحاظ سے میرا نام محمد اور احمد ہوا۔ پس نبوت اور رسالت کسی دوسرے کے پاس نہیں گئی محمد کی چیز محمد کے پاس ہی رہی۔ (ایک غلطی کا ازالہ ص 16 از مرزا غلام قادیانی)

مسئلہ حیات مسیح:

☆ ھوالذی ارسل رسولا بالھدیٰ اس آیت میں اشارہ ہے یہ آیت ملی کے طور پر جسمانی حضرت مسیح کے حق میں پیشگوئی ہے اور جس غلبہ کاملہ دین اسلام کا وعدہ دیا گیا ہے وہ غلبہ مسیح کے ذریعہ سے ظہور میں آئے گا اور جب حضرت مسیح دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو ان کے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق اور اطراف میں پھیل جائیگا۔

(براھین احمدیہ چہارم ص 539)

☆ وہ زمانہ بھی آنے والا ہے جب خدا تعالیٰ مجرموں کیلئے شدت اور انق اور قہر سختی کو استعمال میں لائے گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہایت جلالیت کے ساتھ دنیا پر اتریں گے۔ (براھین احمدیہ چہارم ص 547 از مرزا غلام قادیانی)

☆ اس آیت کی نسبت ان سب متقدمین کا اتفاق ہے کہ جو ہم سے پہلے گزر چکے ہیں یہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

عالمگیر غلبہ مسیح کے وقت میں ظہور میں آئے گا 48

(چشمہ معرفت ص 83 از مرزا غلام قادیانی)

☆ عیسائیوں اور مسلمانوں کا کسی قدر اختلاف کے ساتھ یہ خیال ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم اسی جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر اٹھائے گئے اور وہ کسی زمانہ میں آسمان سے اتریں گے (توضیح مرا ہم ص 3 از مرزا غلام قادیانی)

☆ بائبل اور ہماری حدیث اور اخبار کی کتابوں کی رو سے جن نبیوں کا اسی وجود عنصری کے ساتھ آسمان پر جانا ثابت ہے وہ دو نبی ہیں۔ ایک یوحنا جسے ادریس بھی کہتے ہیں اور دوسرے مسیح ابن مریم جن کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں۔

☆ ان دونوں نبیوں کی نسبت قدیم اور بعض جدید صحیفے بیان کرتے ہیں کہ وہ دونوں آسمان کی طرف اٹھائے گئے اور پھر کسی زمانہ میں زمین پر اتریں گے۔ تم ان کو آسمان سے آتے دیکھو گے۔ ان کتابوں سے کسی قدر ملتے جلتے الفاظ حدیث نبوی میں بھی پائے جاتے ہیں (ضمیمہ انجام آتھم از مرزا غلام قادیانی)

☆ سکھوں کے آخری دور میں عیسیٰ کے نزول کا عقیدہ جو تھا وہ اسی طرح محفوظ تھا جیسے تخم کے اندر دانہ محفوظ ہوتا ہے اور کسی کو پتہ نہ چلا زمانہ گزرتا گیا حتیٰ کہ ہمارا زمانہ آ گیا پھر اللہ تعالیٰ نے ہم پر یہ حقیقت کھول دی۔ پہلے کسی کو پتہ نہ چلا پھر خدا نے مجھے خبر دی ان کا نزول روحانی ہوگا جسمانی نہیں ہوگا۔ (آئینہ کمالات اسلام ص 552،553)

☆ چالیس (40) سال کی عمر میں مجھے الہامات ہونے شروع ہوئے اور اللہ کی طرف سے مجھے الہام ہوتا رہا کہ مسیح موعود فوت ہو گیا ہے اور میں بارہ سال تک خدا کی وحی کو رد کرتا رہا اور بارہ سال کے بعد اس قدر شدمد سے الہامات ہونے شروع ہوئے کہ میں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

پہلے عقیدہ کو چھوڑنے پر مجبور ہو گیا اور 52 سال کی عمر میں میں نے یہ عقیدہ اپنایا کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں (براھین احمدیہ ص 7 از مرزا غلام قادیانی)

☆ حیات مسیح کا عقیدہ باطلانہ عقیدہ ہے۔ یہ فاسدانہ عقیدہ ہے

(تریاق القلوب ص 305-15)

☆ عیسیٰ کی حیات کا عقیدہ یہودیانہ عقیدہ ہے۔ (ازالہ اوہام جلد دوئم ص 236)

☆ حیات مسیح کا عقیدہ مرتدانہ عقیدہ ہے (تحفہ گولڑویہ ص 8)

☆ حیات مسیح کا عقیدہ مشرکانہ عقیدہ ہے۔ (دافع البلا قادیان ص 15)

☆ یہ تو گستاخی بات ہے اگر یہ کہا جائے کہ عیسیٰ نہیں مرا یہ تو شریک عظیم ہے جو یہ عقیدہ رکھے وہ مشرک اعظم انسان ہے۔

توجہ: مرزا غلام قادیانی کہتا ہے کہ مجھے چالیس سال کی عمر میں الہام ہونے شروع ہوئے اور باون سال کی عمر میں میں نے وفات عیسیٰ کے عقیدے کو اپنایا اور بارہ سال تک میں حضرت عیسیٰ کی حیات کا قائل رہا۔ جو شخص بارہ سال تک باطل عقیدے پر رہا ہو، فاسد عقیدے پر رہا ہو، یہودیوں کے عقیدہ پر رہا ہو، مرتد رہا ہو، مشرک رہا ہو، بلکہ مشرکِ اعظم انسان رہا ہو وہ نبی یا مسیح موعود یعنی عیسیٰ کیسے ہو سکتا ہے؟

قابل غور بات:

ایک طرف تو مرزائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے دلائل دیتے ہیں اور دوسری مرزائی مرزا قادیانی کو عیسیٰ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یارو سوچنے کی بات ہے فوت شدہ بندہ دوبارہ جسم عضری کے ساتھ دنیا میں نہیں آ سکتا۔ اگر مرزائی وفات مسیح ثابت کریں تو پھر ماننا پڑے گا مرزا غلام قادیانی مسیح موعود یعنی عیسیٰ نہیں ہو سکتا۔ اگر حیات مسیح کو مانو گے تو پھر مرزا جھوٹا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہے کیونکہ مرزا پیدا ہوا اور حضرت عیسیٰ آسمان سے نازل ہوں گے۔ 48

حیات ونزول مسیح علیہ السلام حدیث کی روشنی میں:

ا۔ (بخاری ج 1 ص 490 باب نزول عیسیٰ بن مریم) میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام سے جو حدیث نقل کی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ قسم ہے خدا کی کہ عیسیٰ علیہ السلام اوپر سے تم میں نازل ہوگا۔ حضرت مریم علیہ السلام کا فرزند جو حاکم ہوگا، انصاف والا، صلیبی قوت توڑ دیگا اور خنزیر کے قتل کا حکم دے گا اور تمام لوگوں کے مسلمان ہو جانے سے جہاد کی ضرورت نہ رہے گی کہ لوگوں کو ایک سجدہ تمام دنیا کی دولت سے بہتر نظر آئے گا۔ پھر ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی تصدیق کیلئے اس آیت کی طرف توجہ دلائی جس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس وقت کوئی کتابی نہ ہوگا مگر ایمان لائے گا عیسیٰ علیہ السلام پر" بقول مرزا قادیانی قرآن کے بعد صحیح کتاب بخاری کی حدیث ہے)

۲۔ حدیث دوم یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان نبی نہیں اور وہ اتریں گے جب اس کو دیکھو تو پہنچان لو۔ وہ قامت کے درمیانے ہیں، سرخ وسفید ہیں، وہ زرد کپڑوں میں اتریں گے، سر کے بال اس کے ایسے معلوم ہوں گے کہ گویا اس سے پانی ٹپکتا ہے، اگرچہ اس کو پانی نہیں پہنچا ہوگا تو اسلام پر لوگوں سے جہاد کریں گے۔ صلیبی قوت توڑ دیں گے، خنزیر کے قتل کا حکم دیں گے، جزیہ موقوف کریں گے، اس وقت اسلام کے سوا تمام ادیان کا خاتمہ ہوگا، دجال کو قتل کریں گے، زمین میں چالیس برس رہیں گے، پھر وفات پائیں گے اور مسلمان اس پر نماز جنازہ پڑھیں گے (ابو داؤد عن ابو ہریرۃ مرفوعاً ج 4، ص 135 باب خروج الدجال)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

۳۔ مشکوٰۃ باب نزول عیسیٰ ص 480 میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ابن مریم زمین پر اتریں گے، شادی کریں گے اور اولاد پیدا ہوگی اور ٹھہریں گے زمین پر پینتالیس برس، پھر فوت ہوں گے اور دفن ہوں گے، میرے مقبرہ میں تو قیامت میں اٹھیں گے ہم اور عیسیٰ ابن مریم ایک مقبرہ سے، جو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان ہوں گے۔

۴۔ صحیح مسلم (ج 4 ص 401 باب ذکر الدجال) میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے مشرق میں سفید منارہ پر اتریں گے، دو کپڑوں میں درمیان دو فرشتوں کے، دونوں ہتھیلی فرشتوں پر رکھے ہوئے ہوں گے، دجال کو باب لُد پر پائیں گے تو اس کو قتل کریں گے۔

آیات حیات مسیح علیہ السلام کثیر التعداد ہیں اور احادیث تو حد تواتر کو پہنچتی ہیں جو 29 صحابہ سے منقول ہیں۔ لیکن ہم نے بغرضِ اختصار صرف چار احادیث پر اکتفا کیا ہے۔ ان احادیث میں حضور علیہ السلام نے تحفظ ایمان اور گمراہی سے بچانے کیلئے حضرت مسیح کی جو علامات ذکر کی ہیں وہی کافی شافی ہیں اور جو گمراہ ہیں کہ استعارات اور مجازات سے وہ پوری تاریخ اور ایک دنیا کو بدلا سکتے ہیں ان کیلئے قرآن و احادیث کا دفتر بھی بے کار ہے۔ ان چار احادیث سے حضرت مسیح موعود کی معروف کی جو واضح علامات ہیں وہ نمبر دار حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ مسیح موعود کا باپ نہ ہوگا اس لیے عام ضابطہ کے خلاف وہ اپنی والدہ مریم سے منسوب ہوگا لیکن مرزا غلام احمد قادیانی کا باپ مرزا غلام مرتضیٰ تھا اور اس کی والدہ کا نام ممتاز بی بی تھا اور وہ باپ سے منسوب تھا نہ کہ ماں سے۔

۲۔ وہ حاکم ہوگا لیکن مرزا غلام تھا اور انگریزی حکومت کا غلام تھا۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

۳۔ عادل ہوگا، عدل اللہ کے قانون چلانے کا نام ہے۔مرزا کے وقت شرعی قانون بند تھا اور انگریز کا قانون خود اس پر اور اس کے مریدوں پر بھی نافذ تھا۔

۴۔ صلیبی قوت کو توڑ دے گا مرزا کے وقت میں صلیبی قوت کو اس قدر غلبہ حاصل ہوا کہ اس سے پہلے نہ تھا۔خود ان کا باپ ان کے اقرار کے مطابق پچاس گھوڑوں کے سواروں کو مہیا کر کے تحریک آزادی 1857ء میں صلیبی قوت کو ہندوستان پر مسلط کرنے کر کے تحریک آزادی 1857 میں صلیبی قوت کو ہندوستان پر مسلط کرنے کیلئے لڑا اور خود مرزا نے تحفہ قیصریہ میں اپنے آنے کا مقصد یہ ظاہر کیا کہ میں انگریز کی صلیبی حکومت کیلئے ایک ایسی فوج تیار کروں جو انگریز کی حکومت کی وفادار ہو۔

۵۔ اس کے وقت میں خنزیر خوری کا خاتمہ ہوگا لیکن مرزا کے وقت میں اس کا اضافہ ہوا۔

۶۔ وہ لوگوں پر اس قدر مال برسائے گا کہ کوئی قبول کرنے والا نہ ہوگا۔مرزا نے مال نہیں دیا بلکہ لینا شروع کیا۔چندہ عام اور چندہ بہشتی مقربہ کو شرط ایمان قرار دیا۔

۷۔ عبادت کا ذوق اتنا بڑھے گا کہ ایک سجدہ کی قیمت لوگوں کی نگاہوں میں ساری دنیا سے زائد ہوگی لیکن مرزا کے وقت میں نصاریٰ نے مسلمانوں کو مرتد بنانا شروع کیا اور لاکھوں کو مرتد کیا۔

۸۔ وہ آسمان سے زمین پر اتریں گے لیکن مرزا زمین ہی میں پیدا ہوئے اور زمین ہی پر رہے۔

۹۔ فرشتوں پر ہاتھ رکھے ہوئے ہوں گے لیکن مرزا کو کسی فرشتہ کا دیکھنا بھی نصیب نہیں ہوا۔

۱۰۔ دمشق کے سفید منارہ پر نزول فرمائیں گے لیکن مرزا کو عرب کی سرزمین کی زیارت بھی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کبھی نصیب نہیں ہوئی۔ 48

۱۱۔ باب لد پر یہودی دجال کو قتل کریں گے لیکن مرزا کو نہ لد کا دیکھنا نصیب ہوا، نہ دجال کا، البتہ اس کی روحانی اولاد نے دجال کی قوم یہود سے تل ابیب میں تعلق پیدا کیا جب کہ تمام عالم اسلام کا ان سے تعلق منقطع ہو چکا ہے شاید کہ ظہور دجال کے وقت امداد کیلئے حاضر رہیں۔

۱۲۔ اسلام کے سوا کوئی دین باقی نہ رہے گا لیکن سب باطل ادیان مرزا کے وقت باقی رہے بلکہ اور نئے باطل ادیان بھی خلافِ اسلام پیدا ہوئے جن میں خود ایک دین مرزائیت ہے جو وحدتِ اسلامی کے برخلاف ایٹم بم ہے۔

۱۳۔ حج کریں گے۔ مرزا کو موت تک حج نصیب نہ ہوا۔

۱۴۔ وہ شادی کریں گے اور اولاد ہوگی یعنی نزول سے قبل نہ اس نے شادی کی ہوگی اور نہ اولاد ہوگی۔ لیکن مرزا کی شادی اور اولاد دعویٰ سے قبل موجود تھی۔

۱۵۔ جہاد کریں گے اور جزیہ موقوف کریں گے۔ مرزا نے جہاد کرنے کی بجائے خود جہاد کو حرام ٹھہرا کر نصاریٰ کے استعمار کیلئے راہ صاف کیا۔ جزیہ کا تو سوال ہی نہیں رہا۔

۱۶۔ باشندگان زمین کا ایک ہی دین یعنی اسلام ہوگا اس لیے مختلف مذاہب کی لڑائیاں موقوف ہوں گی لیکن مرزا کے وقت میں مختلف مذاہب نے مسلمانوں پر ہندوستان، ترکی، فلسطین، شمالی افریقہ میں جو مظالم کیے ان کی تاریخ میں نظیر نہیں۔ یہ سب مرزا کی برکت تھی۔

۱۷۔ امن قائم ہوگا اور جنگ ختم ہوگی لیکن مرزا کے وقت میں اور اس کے بعد میں اس کا نام و نشان مٹ گیا اور جنگ کیلئے وہ مہلک اوزار تیار کیے گئے کہ مرزا اور اس کے بعد کی ایک جنگ کی تباہی سابق زمانے کی سینکڑوں جنگوں کی تباہی سے زیادہ ہے۔

ان علامات کے لحاظ سے مرزا کی شخصیت ضد مسیح موعود ہے۔ باقی رہا یہ مسئلہ کہ مجازات واستعارات کی مشین سے پوری تاریخ بھی بدلائی جاسکتی ہے جس کی نہ قادیان میں کبھی کمی رہی نہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ربوہ میں۔تو ایسی صورت میں تمام قرآن وحدیث بلکہ پوری تاریخ کو بازیچہ اطفال بنایا جا سکتا ہے اور ایسا کرنے سے یہ خیال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ پھر قادیانی و مرزائی تاویلات کے آگے ہر چیز کی حقیقت بدلائی جا سکتی ہے اور الفاظ اور تعبیرات سے کسی مقصد کا تعین ممکن نہیں بلکہ مرزائیوں کیلئے الفاظ ربڑ کا ایک ایسا تسمہ ہے کہ جہاں تک چاہو اس کو پھیلا سکتے ہو اور ایسی صورت میں کہ نزولِ مسیح کی علامات اس کی ضد پر بھی چسپاں کیے جا سکتے ہیں تو پھر ان علامات کا بیان ہی بے فائدہ رہا کیونکہ علامات سے مسیح کی شخصیت کا تعین مقصود تھا اور جب نہ نام سے تعین ممکن نہ والدہ کے نام سے، نہ مکان سے نہ مقاصد نزول سے بلکہ ان تمام علامات کی ضد شخصیت کو بھی اس میں گھسیڑا جا سکتا ہے تو تمام نظام ہائے سلطنت کے دفتری الفاظ بھی تاویل سے لغو اور بے فائدہ ہو سکتے ہیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی کی کفریہ عبارات:

اب ذیل میں مرزا غلام احمد قادیانی کی وہ بکواسات جو اس نے اللہ تبارک و تعالیٰ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام، صحابہ کرام علیہم الرضوان، قرآن پاک، اولیاء کرام، احادیث مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ اور مسلمانوں کے بارے میں کیں۔

ان میں سے چند کو ذکر کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخیاں:

۱۔ وہ خدا جو ہمارا خدا ہے ایک کھا جانے والی آگ ہے۔(معاذاللہ) (سراج منیر ص ۵۵)

۲۔ میں (مرزا) نے خواب میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں میں نے یقین کر لیا کہ میں وہی ہوں (معاذاللہ) (آئینہ کمالات اسلام ص ۵۶۴، کتاب البریہ ص ۷۸)

۳۔ وہ خدا جس کے قبضہ میں ذرہ ذرہ ہے اس سے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے۔وہ فرماتا ہے کہ میں چوروں کی طرح پوشیدہ آؤں گا۔(معاذاللہ) (تجلیات الٰہیہ، ص ۴)

۴۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ کہہ کر مخاطب کیا کہ اے میرے بیٹے سن (معاذ اللہ) (البشریٰ ج ا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ص ۶)

48

۵۔ مجھ سے میرے رب نے بیعت کی۔(معاذ اللہ) (دافع البلاء ص ۶)

۶۔ سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔(معاذ اللہ)(دافع البلاء، ص ۱۱)

۷۔ اے مرزا تو مجھ سے میری اولاد جیسا ہے۔(معاذ اللہ) (حاشیہ ص ۲۳، اربعین نمبر ۴)

۸۔ کیا کوئی عقلمند اس بات کو قبول کرسکتا ہے کہ اس زمانہ میں خدا سنتا تو ہے مگر بولتا نہیں پھر اس ک یہ سوال پیدا ہوگا کہ کیوں نہیں بولتا؟ کیا زبان پر کوئی مرض لاحق ہوگئی ہے۔
(معاذ اللہ) (ضمیمہ براھین احمدیہ، حصہ پنجم، ص ۱۴۴)

حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیاں

۱۔ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی الہام سمجھ میں نہ آئے نبی سے کئی غلطیاں ہوئیں۔(معاذ اللہ) (ازالۃ الاوھام، مطبع لاہوری)

۲۔ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اشاعت دین مکمل طور پر نہ کرسکے میں نے پوری کی۔(معاذ اللہ) (حاشیہ تحفہ گولڑویہ، ص ۱۶۵)

۳۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تین ہزار معجزات ہیں۔ (تحفہ گولڑویہ، ص ۶۷)

۴۔ میرے نشانات کی تعداد دس لاکھ ہے۔(معاذ اللہ) (براھین احمدیہ، ص ۵۶)

۵۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب عیسائیوں کے ہاتھ کا پنیر کھا لیتے تھے حالانکہ مشہور تھا کہ سور کی چربی اس میں پڑتی ہے۔(معاذ اللہ) (الفضل القادیان، ۲۲ فروری ۱۹۲۴)

۶۔ یہ بالکل صحیح بات ہے کہ ہر شخص ترقی کرسکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ حاصل کرسکتا ہے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے بھی بڑھ سکتا ہے۔(معاذ اللہ) (اخبار الفضل، ۱۷ جولائی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

۱۹۳۳) 48

۷۔ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت واخرین منھم لما یلحقوبھم بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہی وجود قرار دیا ہے۔ (معاذ اللہ) (ایک غلطی کا ازالہ)

۸۔ محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل غلام احمد کو دیکھے قادیان میں
(معاذ اللہ) (اخبار قادیان، ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۶)

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی توہین

۱۔ میں خود اس بات کا قائل ہوں کہ دنیا میں کوئی ایسا نبی نہیں آیا جس نے کبھی اجتہادی غلطی نہ کی ہو۔ (معاذ اللہ) (تتمۃ حقیقۃ الوحی، ص ۱۳۵)

۲۔ آپ (مرزا) کا درجہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا باقی تمام انبیاء سے بلند ہے۔
(معاذ اللہ) (اخبار الفضل، ۶ جون ۱۹۳۳ء)

۳۔ جس (مرزا) کے وجود میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی شان جلوہ گر تھی۔ (معاذ اللہ) (الفضل، ۳۰ مئی ۱۹۱۵ء)

۴۔ اگرچہ دنیا میں بہت سارے نبی ہوئے ہیں لیکن علم و عرفان میں میں کسی سے کم نہیں ہوں۔ (معاذ اللہ)

۵۔ میں کبھی آدم، کبھی موسیٰ، کبھی یعقوب ہوں نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار۔
(معاذ اللہ) (درثمین، ص ۱۲۳)

۶۔ پس اس امت کا یوسف یعنی یہ عاجز (مرزا قادیانی) اسرائیلی یوسف سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہ عاجز قید کی دعا کر کے بھی قید سے بچایا گیا مگر یوسف بن یعقوب قید میں ڈالا گیا۔ (معاذ اللہ) (براھین احمدیہ، حصہ پنجم، ص ۹۹)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

۷۔ خدا تعالیٰ میرے لیے اس کثرت سے نشان دکھارہا ہے کہ اگر نوح کے زمانہ میں وہ نشان دکھلائے جاتے تو وہ غرق نہ ہوتے۔ (معاذ اللہ) (تتمہ حقیقت الوحی، ص ۱۳۷)

۸۔ یورپ کے لوگوں کو جس قدر شراب نے نقصان پہنچایا ہے اس کا سبب تو یہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے شاید کسی بیماری کی وجہ سے یا پرانی عادت کی وجہ سے۔
(معاذ اللہ) (کشتی نوح حاشیہ ص ۷۵)

۹۔ مسیح علیہ السلام کا چال چلن کیا تھا ایک کھاؤ پیو، نہ زاہد، نہ عابد، نہ حق کا پرستار، متکبر، خود بین، خدائی کا دعویٰ کرنے والا۔ (معاذ اللہ) (مکتوبات احمدیہ، ص ۲۱ تا ص ۲۴، جلد ۳)

صحابہ کرام علیہم الرضوان کی شان میں بکواسات

۱۔ جیسا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو غبی تھا اور درایت اچھی نہیں رکھتا تھا۔ (معاذ اللہ)
(اعجاز احمدی، ص ۱۸)

۲۔ ابو بکرؓ و عمرؓ کیا تھے وہ تو حضرت غلام احمد (مرزا) کی جوتیوں کے تسمے کھولنے کے بھی لائق نہ تھے۔ (معاذ اللہ) (ماہنامہ سر المہدی، جنوری فروری ۱۹۱۵)

۳۔ پرانی خلافت کا جھگڑا چھوڑ دو اب نئی خلافت لو ایک زندہ علی تم میں موجود ہے تم اس کو چھوڑتے ہو اور مردہ علیؓ کی تلاش کرتے ہو۔ (معاذ اللہ) (ملفوظات احمدیہ، جلد ۱، ص ۱۳۱)

۴۔ جو میری جماعت میں داخل ہوا وہ در اصل صحابہ کرام کی حمایت میں داخل ہوا۔
(معاذ اللہ) (خطبہ الہامیہ، ص ۱۷۱)

توہین قرآن

۱۔ قرآن خدا کی کتاب اور میرے (مرزا) منہ کی باتیں ہیں (معاذ اللہ) (تذکرہ ۱۰۲۔۱۰۳)

۲۔ میں (مرزا) قرآن کی غلطیاں نکالنے آیا ہوں جو تفسیروں کی وجہ سے واقع ہو گئی ہیں
(معاذ اللہ) (ازالہ اوہام ص ۱۳)

توہین حدیث

۱۔ میرے اس دعویٰ کی بنیاد حدیث نہیں بلکہ قرآن اور وحی ہے جو میرے پر نازل ہوئی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہاں تائیدی طور پر ہم وہ حدیثیں پیش کرتے ہیں جو قرآن شریف کے مطابق اور میری وحی کے معارض نہیں اور دوسری حدیثوں کو ہم ردّی کی طرح پھینک دیتے ہیں۔(معاذ اللہ)
(اعجاز احمدی، ص ۳۱)

مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے بارے میں بکواس

۱۔ تین شہروں کا نام قرآن شریف میں اعزاز کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔مکہ مکرمہ، مدینہ، قادیان۔(معاذ اللہ) (ازالہ ادھام، ص ۳۴)

۲۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بتادیا کہ قادیان کی زمین بابرکت ہے یہاں مکہ مکرمہ مدینہ منورہ والی برکات نازل ہوتی ہیں۔(معاذ اللہ)
(بشیر محمود الفضل، ۱۱ دسمبر ۱۹۳۲)

۳۔ (مرزا) نے فرمایا جو لوگ قادیان نہیں آتے مجھے ان کے ایمان کا خطرہ رہتا ہے۔
(معاذ اللہ) (انوارِ خلافت، ص ۱۱۷)

مسلمانوں کو گالیاں

۱۔ ایسا شخص جو موسیٰ کو مانتا ہو مگر عیسیٰ کو نہیں مانتا، عیسیٰ کو مانتا ہو مگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں مانتا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مانتا ہو مگر مسیح موعود (یعنی مرزا) کو نہیں مانتا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ (کلمۃ الفضل، ص ۳۰)

۲۔ جو ہماری فتح کا قائل نہ ہوگا تو صاف سمجھا جائے گا کہ اس کو ولد الحرام بننے کا شوق ہے اور حلال زادہ نہیں۔ (انوار الاسلام، ص ۳۰)

۳۔ میرے مخالف جنگلوں کے سُور ہوگئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئیں۔
(نجم الہدیٰ، ص ۵۳)

۴۔ میری ان کتابوں کو ہر مسلمان محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے معارف سے فائدہ اٹھاتا ہے اور میری دعوت کی تصدیق کرتا ہے اور اسے قبول کرتا ہے مگر رنڈیوں (کنجریوں) کی اولاد نے تصدیق نہیں کی۔ (آئینہ کمالات اسلام، ص ۵۴۷)

آخر میں قارئین سے گذارش کرتا ہوں کہ اس مضمون کو پڑھ کر کسی کونے کھدرے میں مت

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari